© rasailojaraid.com



وفیات (ادارہ)

# مولانا عبدالستار توحیدی، مولانا سجاد بخاری اور مولانا قاری عبدالرشید کا سانحۂ ارتحال

حضرت مولانا عبدالستار توحیدی بھی اگست کے اوائل میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحوم بزرگ عالم دین، قرآن و سنت کے مبلغ، جمعیۃ علماء اسلام کے مخلص نڈر اور بے باک رہنما، توحید کے علمبردار تھے، دارالعلوم حقانیہ اس کے بانی شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ سے ان کے گہرے مراسم تھے تحریک نفاذ شریعت اور شریعت بل کی منظوری کی جدوجہد میں وہ بھی مولانا سمیع الحق کے ساتھ تمام مراحل میں شانہ بشانہ رہے ہیں مرحوم کے قائم کردہ دینی مدارس، مساجد اور عالم فاضل اولاد اور دینی خدمات ایک عظیم صدقہ جاریہ ہیں ادارہ مرحوم کی اولاد پسماندگان اور متوسلین کے ساتھ غم و اندوہ میں برابر کا شریک ہے باری تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ مرحمت فرمائے۔

دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی کے مدرس اور ماہنامہ تعلیم القرآن کے مدیر جناب سجاد احمد بخاری بھی اگست میں اس دنیائے فانی سے عالم جاودانی کی جانب رحلت فرما گئے ہیں، مرحوم شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان کے تلمیذ خاص ان کے علمی افادات کے مرتب اور ادبی علمی ذوق رکھنے والے عالم دین تھے ماہنامہ تعلیم القرآن کے اداریے کالم ان ہی کے ہوا کرتے تھے حکمرانوں کی کجرویوں، معاشرہ کی کمزوریوں اور ملت کی اجتماعی اور انفرادی خرابیوں پر ان کی مضبوط گرفت ہوا کرتی تھی ان کے سانحۂ ارتحال سے جو خلا پیدا ہوا ہے بظاہر اسباب اس کی تلافی جلد ممکن نظر نہیں آتی ہماری دلی دعا ہے باری تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور دینی خدمات کے صدقے کروڑوں رحمتوں سے نوازے۔

جامعہ مدنیہ لاہور کے مدرس اعلیٰ حضرت مولانا قاری عبدالرشید صاحب کا سانحۂ ارتحال بھی علمی و دینی اور تدریسی حلقوں کا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ مرحوم ایک جید عالم دین، کامیاب مدرس اور اصول و جزئیات سمیت حالات حاضرہ کے تقاضوں پر گہری نظر رکھنے والے مفتی تھے اکابر علماء دیوبند کے مسلک پر کاربند، اور ان کے مسلکی روح کے امین تھے۔ ادارہ مرحوم کے پسماندگان، تلامذہ، متوسلین کے ساتھ غم میں برابر کا شریک ہے باری تعالیٰ مرحوم کو کروڑ کروٹ اپنی رحمتوں اور مغفرت سے نوازے۔ آمین



© rasailojaraid.com